# مدنی مذاکرے کے

## تنظیمی و دیگر مدنی پھول



(ربیع الاول ۱۴۳۸ھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللہُ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: جو مجھ پر ایک دن میں 50 بار درودِ پاک پڑھے قیامت کے دن میں اس سے مصافحہ کروں (یعنی ہاتھ ملاؤں) گا۔'' (اَلْقُرْبَۃُ اِلٰی ربِّ العٰلمین، لابن بشکوال ص ۹۰، حدیث: ۹۰)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ صفر المظفر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 نومبر 2016ء |

☆......اَدب یہ ہے کہ سُنہری جالیوں سے چار ہاتھ (تقریباً ۲ میٹر) دُور رہ کر بارگاہِ رسالت میں سلام پیش کیا جائے۔

☆......سمجھداری کا تقاضا یہ ہے کہ موبائل پر زوجہ یا محارم خواتین کی تصاویر ہرگز نہ لگائی جائیں بلکہ اندر بھی نہیں ہونی چاہئیں، کیونکہ موبائل چوری ہوسکتا یا کسی کے پاس جاسکتا ہے۔

☆......عورت اپنے شوہر کی تصویر موبائل پر نہ رکھے، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک کوئی بھی اسلامی بہن ایسا نہیں کرتی ہوگی اور اگر کوئی ایسا کرتی ہے تو میرے نزدیک وہ حقیقی دعوتِ اسلامی والی نہیں۔

☆......اپنے موبائل پر بچے کی تصویر رکھ لیں تو حرج نہیں۔

☆......گھر کی بے تکلفی والی تصاویر اور ویڈیوز بھی موبائل میں نہ رکھا کریں۔ (نگرانِ شوریٰ)

☆......رُوح نکلنے کے بعد تدفین میں جلدی کرنی چاہیے، سُنّت یہی ہے۔ میری وصیت ہے کہ خدا کے واسطے مجھے برف خانے کے حوالے کرنے کے بجائے جلد دفن کر دینا۔

☆......اللہ تعالٰی ہماری بے حساب مغفرت فرمائے۔

www.dawateislami.net

☆......ایک بار ہی تعزیت کرنا سنت ہے۔

☆......جو جھوٹی قسم کھاتا ہے، وہ شیطان کا دوست ہے، ہم تو اللّٰہ تعالٰی کے عاجز بندے ہیں۔

☆......شیطان اور اس کے مُتَّبِعِین (پیروی کرنے والوں) کے ساتھ بحث نہ کریں، بلکہ کوئی بحث کرنے کی کوشش کرے تو اسے سُنّی عالم کا ایڈریس دے دیں۔

☆......دعوتِ اسلامی والے طالبِ علم دِین ہیں۔

☆......تَقَابُلِ اَدیَان (ایک علمی شعبہ جس میں مختلف دِینوں کا باہم مقابلہ کیا جاتا ہے) کا مطالعہ کرنے کے بجائے اسلام کا مطالعہ کریں، اس میں اپنے آپ کو پختہ کریں۔

☆......ہاتھ جوڑ کر آپ کی بھلائی کے لیے عرض ہے کہ فرض عُلوم سیکھیں اور دینِ اسلام کی معلومات حاصل کرنے میں اپنی زندگی صرف کر دیں۔

☆......مسجد کا بہت احترام ہے، یہ ہمارے گھر کی طرح نہیں ہے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''**کپڑے پاک کرنے کا طریقہ**'' کئی فرض عُلوم پر مشتمل ہے، اس کو ضرور پڑھیں۔

☆......مدنی مُنّوں کو 40 مدنی انعامات کا پابند بنانے کے لیے والدین کوشش کریں، عمل کرنے پر تحفہ دیں۔

☆......میں لڑکپن سے مسواک استعمال کرتا تھا، اسے حاصل کرنے کے لیے تلاش کیا کرتا تھا۔ دعوتِ اسلامی کے آغاز سے پہلے اپنے کُرتے میں مسواک کے لیے جیب بناتا تھا۔

☆......میں اپنے ساتھ مسواک رکھتا ہوں اور اگر بھول جاؤں تو مجھے افسوس ہوتا ہے۔ میرے پاس اس وقت بھی بڑی 4 مسواکیں موجود ہیں۔

☆......پیارے آقا صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کو مسواک سے بہت محبت تھی۔

☆......نگران اسلامی بھائی مدنی مشوروں میں اس کی بھرپور ترغیب دلائیں۔

☆......تمام مبلغین، مدرسین، ذمہ داران، ہفتۂ مسواک منائیں۔

www.dawateislami.net

☆......مدنی مشوروں میں مسواک کے مدنی پھول بیان کریں۔

☆......قاری صاحبان مدرسۃ المدینہ میں مدرسین جامعۃ المدینہ میں اور اسلامی بہنیں اپنے گھر کے محارم کو مسواک کی ترغیب دلائیں۔

☆...... مسواک کی ترغیب دلانے سے مسواک بیچنے والوں کی بکری میں اضافہ ہوگا،اس کے شکریہ میں انہیں چاہئے کہ 12 دن کے مدنی قافلے میں سفر کریں یا 63 دن کا مدنی تربیتی کورس کرلیں۔ جو 12 دن نہ دے سکیں ،وہ کم ازکم 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کریں۔

☆......پین کلر (Painkiller) کی عادت نہ ڈالی جائے۔

☆......سب اولیاء پیری مُریدی والے تھے،ایک ولی اللہ بھی بے پیر انہیں۔

☆......مدنی مُنّوں کو 40 مدنی انعامات پر عمل کروانے کے لئے گھر کا ماحول مدنی ہونا ضروری ہے اوران کے والدین اِنہیں عمل کروائیں،ضرورتاً تحفہ دے کر حوصلہ افزائی کریں،اس بات پر نظر رکھیں کہ تحفے کی وجہ سے بچہ جھوٹ تو نہیں بول رہا؟

| | | |
|---|---|---|
| یکم ربیع الاول ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30 نومبر 2016ء |

☆...... صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب کا معنی ہے،حبیب صَلّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم پر دُرُود پڑھو۔ یہ نیکی کی دعوت ہے، جب کوئی یہ نعرہ لگائے تو جواب دیا کریں۔

☆...... عِبادت کے وقت موبائل فون کو بند کر کے بھول جایا کریں، اِسے عبادت میں مُخِل (خلل ڈالنے والا) نہ ہونے دیا کریں۔

☆......مسجِد اِنتظامیہ کو چاہیے کہ مؤذِّن کا مصلیٰ اِمام صاحب کے مصلے کے عین پیچھے بچھایا کریں کہ اقامت کہنے والے کو عین امام کے پیچھے ہونا افضل ہے۔

☆......اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت، ہمارے پیارے آقا صَلّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم ہیں۔

☆......جشنِ عیدِ میلادالنبی (صَلّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم) کی جملہ سجاوٹ وغیرہ نعمتِ مصطفیٰ کے ملنے پر شکر کرنے کی

www.dawateislami.net

نیت سے کیا کریں تا کہ ثواب بھی ملے۔

☆......وضو ہونے کے باوجود کئی مسلمان نمازِ اشراق نہیں پڑھتے۔نفلی عبادت کا ذہن نہیں ہوتا۔ایسا نہیں کرنا چاہئے ہوسکتا ہے یہ نفلی عبادت ہی بخشش کا باعث ہوجائے۔

☆......جب کسی اجتماع یا مدنی مذاکرے میں کوئی شرعی مسئلہ سنا کریں تو دارالافتاء اہلسنّت کے مفتی صاحب سے تصدیق کرلیا کریں کہ میں نے اس طرح مسئلہ سمجھا ہے، کیا میرا اس طرح یہ مسئلہ سمجھنا دُرُست ہے؟۔

☆......دِینی مسائل میں بحث نہ کیا کریں، یہ اس فن میں ماہر علماء کا کام ہے۔

☆......اے کاش! یہ ذہن بن جائے، ہم سے غذا کا ایک ذرّہ اور پانی کا ایک قطرہ بھی ضائع نہ ہو۔

☆......جب روٹی یا پاپے (رَس) کھائیں تو انہیں سالن یا چائے کے اوپر کرکے توڑا کریں تا کہ اس کے ذرے اِدھراُدھر گِر کر ضائع نہ ہوں۔کل بروزِ قیامت ذرّے ذرّے کا حساب ہے۔

☆......سبزیاں یا پھل ضرورت کے مطابق خریدیں ورنہ جو زائد ہوں گے، وہ ضائع ہوجائیں گے۔

☆......ادرک کو چھیلنے کی ضرورت نہیں، چھلکے سمیت استعمال کیا کریں۔

☆......برتنوں میں لگی ہوئی غذا پھینکنے کے بجائے استعمال کیا کریں۔

☆......ضرورت کے مطابق ہی کھانا پکایا کریں، زیادہ پکانے سے بھی ضائع ہوجاتا ہے۔

☆......قناعت کی عادت بنائیں، رُوکھے سُوکھے پر صبر کریں۔

☆......دولت فی نَفسِہٖ بُری نہیں، اس کی محبت بُری ہے۔

☆......کوئی شخص اخلاص کے ساتھ رقم بانٹے اور دوسرا شخص اللہ اللہ (یعنی ذِکرُ اللہ) کرے تو یہ ذِکرُ اللہ کرنے والا افضل ہے۔

☆......بوڑھے اسلامی بھائی قفلِ مدینہ لگالیں، کیونکہ عام طور پر انہیں غصہ جلد آتا ہے اور غصے میں بولنے سے لوگوں کی دل آزاری ہوجانے کا اندیشہ بڑھ جاتا ہے۔

☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے میں نے بہت نمازِ جنازہ پڑھائے اور اتنی مساجد میں حاضر ہوا کہ اس

www.dawateislami.net

وقت اجتماع میں موجود شاید کوئی اور اتنی مساجد میں حاضر ہونے والا نہ ہو، اس میں جوان اسلامی بھائیوں کے لیے درس ہے، جو مدنی کاموں میں سُستی کرتے ہیں۔

☆ ......ربیع الاول کی خوشی میں عمامے پر جو اسلامی بھائی نعلِ پاک کا نقش لگاتے ہیں، انہیں چاہئے کہ نماز پڑھتے ہوئے اسے اُتار دیا کریں۔

☆ ......چراغاں کے لیے بجلی چوری کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

☆ ......کسی نیک کام (مثلاً صدائے مدینہ) میں استقامت پانے کا ایک نسخہ یہ بھی ہے، بِلا ناغہ مسلسل وہ کام کیا جائے۔

☆ ......ہر درس کے بعد اور مدنی چینل کے مبلغین بھی مسواک کے مدنی پھول بیان کریں۔

☆ ......شہرت میں بہت بڑا امتحان بھی ہے۔

☆ ......زکوٰۃ دیانت داری سے ادا کی جائے تو پاکستان سے غربت دور ہوسکتی ہے۔

☆ ......دیسی مرغی کی پہچان یہ ہے کہ اس کا پیٹ پتلا ہوتا ہے۔

☆ ......لفظ ''مُرید'' ہے ''مَرید'' نہیں، ''مَرید'' کے معنی ہیں سرکش اور ''مُرید'' کے معنی ہیں کسی سے بیعت کرنے والا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ ربیع الاول **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 1 دسمبر 2016ء |

☆ ......ہماری قومی زبان اردو ہے، اسے سیکھنا چاہیے، علماءِ کرام کی سینکڑوں دِینی کتب اردو میں ہیں۔

☆ ......اپنے بچوں کو اُردو سکھائیں، گھر میں بھی بولیں تا کہ فرض عُلوم حاصل کرنے کے لیے دِینی کتب پڑھنا ممکن ہوسکے۔

☆ ......اپنے بچوں کو انگلش سکھائیں، مگر اردو سے بھی محروم نہ کریں۔

☆ ......میرا گمان ہے کہ عربی کے بعد اردو میں سب سے زیادہ دِینی کتب ہوں گی۔

www.dawateislami.net

☆......اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جتنا دینی کتب پڑھنے کا ذوق دعوتِ اسلامی والوں کا ہے، دیگر عوام کا نہیں۔

☆......دعوتِ اسلامی کی مجلس المدینۃ العلمیہ نے مستند مواد پر مشتمل کتب تحریر کر کے ریکارڈ توڑ دیا ہے۔

☆......پاکستان میرا وطنِ عزیز ہے، مجھے اس سے محبت ہے۔ فطری طور پر اپنے وطن سے محبت ہوتی ہے۔

☆......اپنے جانور سے پیار کریں گے تو موقع آنے پر وفادار رہے گا۔

☆......کون سا سُنّی ایسا ہوگا، جسے نعت پڑھنے کا شوق نہ ہو۔

☆......بچپن میں ہمارے پڑوس میں عاشقانِ رسول کی مسجد تھی، جس میں بارہویں شریف کے 12، گیارہویں شریف کے 11 اور محرم الحرام کے 10 بیانات ہوتے اور شیرینی (نیاز) بٹتی تھی۔

☆......پیارے آقا صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کے مُوئے مبارک کی زیارت کرنا سعادت ہے، اس کے لیے خشوع و خضوع سے حاضر ہوں۔ اِدھر اُدھر نہ دیکھیں، رونے کی کوشش کریں، رونا نہ آئے تو رونے جیسی صورت بنائیں، دُرُود و سلام پڑھتے رہیں، دِل ہی دِل میں دعا بھی کریں، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعا قبول ہوگی۔

☆......حافظے کی مضبوطی کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتاب ''**حافظہ کیسے مضبوط ہو؟**'' کا مطالعہ کیجئے، یہ بہترین کتاب ہے۔

☆......نیک اعمال کا اظہار نہ کرنے ہی میں عافیت ہے۔

☆......علمِ دین حاصل کرنا نفل روزوں سے بہتر ہے۔

☆......دِین کی خدمت کرنے پر دنیا و آخرت میں اس کا اجر ملتا ہے۔

☆......امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو 3 لاکھ حدیثیں یاد تھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ ربیع الاول **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 دسمبر 2016ء |

☆......پہلا حق مسجد میں نماز پڑھنے والے کا ہے، جب کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو نعرہ لگانا یا بلند آواز سے تلاوت کرنے کی اجازت نہیں۔

www.dawateislami.net

☆......جلوسِ میلاد میں میوزک بجانے، جانور لانے اور کھانے کی چیز لُٹانے سے ہم برسوں سے منع کر رہے ہیں اور سعادت مند اِن سے بچتے ہیں۔

☆......12 ربیع الاول کو صبحِ صادِق کی سہانی گھڑی رحمت بھری ہے۔

☆......عاشقانِ میلاد اس گھڑی کا سارا سال انتظار کرتے ہیں۔(نگرانِ شوریٰ)

☆......جھنڈے لگانے کے لیے روڈ یا فٹ پاتھ (Footpath) کھودنا اخلاقی اور قانونی بلکہ شرعی جُرم بھی ہے۔

☆......رِشوت لینے والے قوم و ملک کے غدّار اور شرعاً مجرم ہیں۔

☆......عیدِ میلا دُالنبی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سجاوٹ اُسی وقت مستحب ہوگی، جب کہ شریعت کے مطابق ہو۔

☆......سجاوٹ دن کے وقت کی جائے اور اس وقت بھی کسی قسم کا شور نہ ہو۔

☆......رات کو تو ہرگز ایسے کام نہ کریں، جس سے لوگوں کی نیند میں خلل واقع ہو۔

☆......کان پھاڑ انداز سے ساؤنڈ پر نعت نہ پڑھی جائے۔

☆......سجاوٹ کرتے ہوئے انسان بلکہ جانوروں کو بھی تکلیف نہ ہونے پائے۔

☆......کتے اور سؤر (خنزیر) کو بھی بے جا مارنے کی اجازت نہیں۔

☆......غالباً دعوتِ اسلامی دنیا کی وہ واحد تحریک ہے، جو یومیہ دو مساجد بنا رہی ہے۔

☆......موٹا ہونا گناہ نہیں ہے، مگر اس کا مذاق کرنا، اس سے دل آزاری والے انداز اختیار کرنا ضرور گناہ ہے۔

☆......جسمانی اعتبار سے میں صحت مند لگتا ہوں تو اس کی وجوہات یہ ہیں ☆ میں کھانے پینے میں حتی الامکان پرہیز کرتا ہوں ☆ جو چیز سامنے آجائے اسے کھانا شروع نہیں کر دیتا ☆ تلی ہوئی چیزیں ☆ ٹھنڈی بوتلیں اور اس طرح کی چیزوں سے حتی الامکان بچتا ہوں ☆ مٹھائی اور مٹھاس سے اجتناب کرتا ہوں ☆ سخت گرمی میں

www.dawateislami.net

بھی برف والا پانی نہیں پیتا ☆ سردی میں نیم گرم پانی پیتا ہوں ☆ میں ڈر ڈر کر کھاتا ہوں ☆ بھوک سے کم کھانے کا معمول ہے۔ اگر کوئی ان مدنی پھولوں کو اپنا لے تو بڑھاپے میں جوانی کا مزہ پائے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل ☆......زیادہ تر فوڈ پوائزن (Food Poison) مٹھائیوں سے ہوتا ہے، مٹھائیاں شوگر بھی کرتی ہیں، یہ بندے کو بیمار اور جان خطرے میں ڈال دیتی ہیں۔

☆......جوانی میں پرہیز کریں تا کہ بڑھاپا سکون سے گزار سکیں۔

☆......میں ایک عرصے تک مسجد میں درس دیتا رہا ہوں۔

☆......اراکینِ شوریٰ سے لے کر ذیلی ذمہ داران تک سب کے سب مدنی درس دیں اور اس کی نگرانی کریں۔

☆......مدنی درس سُن کر بہت سے لوگ مدنی ماحول سے وابستہ ہوئے ہیں۔

☆......عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کی جگہ کا سودا سوا2 کروڑ روپے میں ہوا تھا، اس موقع پر جیبیں خالی کرنے کا اعلان ہوتا تھا، اسلامی بہنوں نے زیورات تک بھجوائے، اس وقت اسلامی بھائیوں میں بہت جوش تھا۔

☆......تبرک (نیاز) کا ایک ذرّہ بھی ضائع نہیں ہونا چاہیے۔

☆......عورت کے لفظی معنی ہیں چھپانے کی چیز۔

☆......مدنی چینل غریبوں کی بہت حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

☆......ربیع الاول میں چراغاں کرنے سے محبتِ رسول میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆......کسی موٹے کا مذاق نہیں اُڑانا چاہیے۔

☆......دوا سے بہتر پرہیز ہے۔

☆......کھا کر پچھتانے سے نہ کھا کر پچھتانا اچھا ہے۔

☆......کشمش اور کھجور بھگو کر اس کا پانی پینا سُنّت سے ثابت ہے۔

☆......عمدہ مسواک کی ایک پہچان یہ ہے کہ وہ مضبوط اور لچکدار ہو، مُڑ جائے مگر ٹوٹے نہ۔

www.dawateislami.net

☆......مہنگا روئے ایک بار سستا روئے بار بار۔

☆......ہر چیز کو سیکھنا پڑتا ہے۔

☆......رات جلدی سونے والے نمازِ فجر اور بعدِ فجر مدنی حلقہ پا لیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ربیع الاول ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 دسمبر 2016ء |

☆......انگلش میں لفظ ''محمد'' پورا لکھنے کی عادت بنایا کریں۔ صرف ''ایم''(M) نہ لکھا اور نہ ہی بولا کریں۔

☆......اے کاش! ہم میٹھا بولیں، کسی کی دل آزاری نہ کریں۔

☆......جب بھی لکھیں تو پورا دُرودوسلام (صَلّی اللہ عَلَیہ وَسَلَّم) لکھا کریں بہتر یہ ہے، اس میں آل کا بھی ذکر ہو، یوں لکھیں صَلّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔

☆......مجلس المدینة العلمیه کی کتاب میں آپ کو کبھی ''ﺻ'' نہیں ملے گا، میں گارنٹی دے سکتا ہوں۔

☆......حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی سب بھائی ہیں۔

☆......مادی ترقی ہوگئی ہے، مگر جسمانی ترقی نہیں ہوئی بلکہ جسم بیمار ہوگئے ہیں۔

☆......جب گوشت پکائیں تو اس میں کدو شریف، شلجم، آلو یا کوئی سی سبزی شامل کیا کریں، اس سے گوشت کے مُضر (نقصان دہ) اثرات دُور ہوں گے۔ اسی طرح گندم میں جَو کا آٹا مِلا کر پکائیں تو روٹی معتدل اثر والی ہوجائے گی کیونکہ جَو کی تاثیر ٹھنڈی اور گندم کی گرم ہے۔

☆......آلو سبزیوں کا سردار معلوم ہوتا ہے۔

☆...... مجھے ساری دنیا میں مدنی قافلے بھیجنے کا ارمان ہے۔

☆......بِلا ضرورت تکلیف کا اظہار کرنے سے چھپانے کی فضیلت سے محرومی ہوتی ہے۔

☆......ضرورتاً لاکھ کو بتائیں، بِلا ضرورت خاک کو بھی نہ بتائیں۔

☆......صاحبِ بہارِ شریعت، صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے عالم، مفتی اور اعلیٰ حضرت

www.dawateislami.net

امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے خلیفہ تھے۔

☆......السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں وبر کاتُہٗ میں ''ہ'' پر اُلٹا پیش ظاہر کرکے پڑھیں۔اگر ساکن کرکے پڑھیں گے تو عوام کے لیے پڑھنا مشکل ہوتا ہے، اور وہ اسے چھوڑ دیتے ہیں۔

☆......نماز کا پابند بنا چاہتے ہیں، تو نماز پڑھنے کے فضائل، نہ پڑھنے کی وعیدوں کا مطالعہ کیجئے، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ نمازی بن جائیں گے۔

☆......بغیر انتظامیہ کی اجازت کے جلوسِ میلاد نہ نکالے جائیں۔

☆......عرس وشادی اور عیدِ میلادُ النّبی وغیرہ پر بجلی چوری کرنے والے گناہگار وعذابِ نار کے حقدار ہیں۔

☆......بعض بزرگ بیمار ہونے پر چھپ جاتے تھے کہ کہیں بے صبری کے الفاظ نہ نکل جائیں۔

☆...... پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم جب بھی سو کر اُٹھتے، وضو سے پہلے مسواک فرماتے تھے۔

☆......مدرسۃ المدینہ کے مدنی مُنّوں کو نگاہیں نیچی کرنے والا مبلغ بنائیں۔

☆......بدگمانی، دل کی غیبت ہے۔

☆......اشارے سے بھی جھوٹ اور غیبت وغیرہ ہوتی ہے۔

☆......علاقائی مشاورت کے نگران ''مدنی قاعدہ کورس اور مدرسۃ المدینہ بالغان'' کی تعداد بڑھانے کی کوشش کریں۔

☆......بابُ المدینہ (کراچی) کے باہر بھی مدنی کام مزید بڑھنا چاہیے۔

☆......دعوتِ اسلامی کے آغاز میں ہی مدرسۃ المدینہ برائے بالغان شروع ہو گئے تھے۔

☆......وہ نقشِ نعلِ پاک جو عمامہ پر لگایا جائے، اس میں جُھومر نہ ہونا سمجھ میں آتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ربیع الاول ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 دسمبر 2016ء |

☆...... پرچم پر کچھ لکھنا اور نعلِ پاک بنانا جائز ہے، مگر اس کا احترام بڑھ جاتا ہے، غفلت کا دَور ہے، اس لیے پرچم سادہ رکھا جاتا ہے۔

www.dawateislami.net

☆ ...... جائز تقریبات کے اشتہار لگانے کے بجائے گتے (پلے کارڈ) لگانے کی ترکیب بنائی جائے اور کھمبوں وغیرہ جہاں کسی کی حق تلفی نہ ہو، قانونی طور پر اجازت بھی ہو اور اس طرح لگایا جائے کہ نیچے تشریف نہ لائے

☆ ...... مسجد کے باہر لوگ چیزیں بیچنے کے لیے آوازیں لگا رہے ہوتے ہیں، ان کو اچھے انداز سے سمجھانا چاہئے، ان کی آوازوں سے نمازیوں کا خشوع و خضوع متاثر ہوتا ہے۔

☆ ...... مزارات پر حاضری، نیک لوگوں کی موجودگی اور اجتماع میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

☆ ...... جس جگہ گناہ کیا ہو، اس جگہ دعا کرنے کے بجائے دوسری جگہ کی جائے، البتہ اس گناہ سے توبہ کرنا تو فرض ہے۔

☆ ...... دانتوں کی حفاظت ضروری ہے، مسواک استعمال کریں اور دانتوں کی صفائی کرتے رہیں۔

☆ ...... اللہ عزوجل کے خوف سے گناہ چھوڑنا بھی ثواب ہے۔

☆ ...... کسی کو اچھے عقیدے اور اچھے اعمال کی توفیق ملنا، اس بات کی علامت ہے کہ ربّ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے۔ کیونکہ خاص نعمت خاص غلاموں کو دی جاتی ہے۔

☆ ...... رِیا نہ ہو تو کسی نفلی عبادت کو ظاہر کرنا گناہ نہیں۔

☆ ...... علمِ دین حاصل کرنا بہت بڑی عبادت ہے۔

☆ ...... اپنی ذات کو فائدہ پہنچانے والے عمل سے دوسروں کو فائدہ پہنچانے والا عمل افضل ہے۔

☆ ...... اگر آپ جامعۃ المدینہ میں داخل نہیں ہوسکتے تو علمِ دِین حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتب کا مطالعہ کریں، مدنی چینل دیکھیں، مدنی قافلوں میں سفر کریں، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک رہیں ان شاءاللہ عزوجل اسلامی معلومات میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

☆ ...... سرکار صَلّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ والہ وَسَلَّم کو دُرِّ یتیم کہا جاتا ہے، اس کا معنی ہے نایاب موتی۔

☆ ...... لوگوں نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعریف کی تو آپ نے یہ دعا فرمائی کہ اللّٰہ تعالیٰ مجھے آپ کے

www.dawateislami.net

حُسنِ ظن سے اچھا کردے۔

☆......بتکلف عادت ڈالنے سے عادت بنتی ہے۔اچھی عادات اپنانے کے لیے بتکلف کوشش کریں۔

☆......اگر طبیعت میں صبر نہ ہو تو اسے سیکھنے کی کوشش کریں۔ بے صبری سے تکلیف دور نہیں ہوتی بلکہ تکلیف بڑھ جاتی ہے۔

☆......میری عادت ہے کہ بچہ مجھے اچھا لگے یا نہ لگے، میں اس سے پیار کرتا ہوں ،اس سے اس بچے اور اس کے والد کی دلجوئی ہوتی ہے۔

☆......جب کوئی مسکرا کر مِلے تو مسکرا کر ہی ریپلائی دینا چاہئے۔

☆......پیٹ میں کیڑے ہوں تو شہد میں اجوائن مِلا کر چاٹ لیجئے یا زِیرہ اُبال کر اس کا پانی پی لیجئے۔

☆......جشنِ میلاد کے موقع پر کیک نہ کاٹے جائیں۔

☆......اسلامی بہنوں کو عدّت کے احکام سیکھنے چاہئیں۔

☆......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کا کلام ایسا ہے کہ سمجھ میں نہ بھی آئے تو جھومتے جائیے۔

☆......علمِ دین حاصل کرنا عبادت ہے۔

☆......پھسل کر گرنے والے سے پوچھنا نہیں چاہئے ، ورنہ وہ جھوٹ بول سکتا ہے، البتہ اگر شدید چوٹ لگے تو الگ بات ہے۔

☆......جو ہنستا ہے، اُس کا گھر بستا ہے۔

☆......**چوک اجتماع** کی برکت سے قبولِ اسلام کی مدنی بہار بھی ہے۔( کئی سال پہلے چوک اجتماعات کا سلسلہ ہوا کرتا تھا، فی الوقت اس کی اجازت نہیں ہے، اجتماعات مسجدوں میں یا میدانوں میں کیے جائیں )

☆......تمام اسلامی بھائیوں کو **چوک درس** دینے کی مدنی التجا ہے،ثواب کی حِرص پیدا کریں گے تو جھجک اُڑ

www.dawateislami.net

جائے گی۔

☆......ذِمہ داران کے ماتحت رہ کر چوک درس دیں، نمازیوں کی تعداد بھی بڑھے گی۔ان شاءاللہ عزوجل

| | | |
|---|---|---|
| 5دسمبر 16 20ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ٦ ربیع الاول **١٤٣٨ھ** |

☆......کان پر قلم رکھنے سے یادداشت بڑھتی ہے۔

☆......عمامے کے پیچ میں مسواک رکھنا سنتِ صحابہ ہے، مگراس پر عمل موقع محل کے مطابق ہو۔

☆......مسواک بہت پیاری سنت ہے، پہلے مسواک کریں، پھراس کے بعد وضوشروع کریں۔

☆......روزانہ 7 انجیر کھانے سے کمر کا درد دُور ہوتا ہے۔

☆......مطالعہ ضروری ہے، جتنا مطالعہ کریں گے تو علم بڑھے گا معلومات ہوں گی۔

☆......جُمُعَہ کے غسل کے فضائل بہت ہیں، جُمُعَہ کے دن غسل کرنا چاہیے مگر یہ فرض نہیں۔

☆......غسلِ جُمُعَہ کا وقت، آغازِ وقتِ طلوعِ فجر ہے اور بہتر یہ ہے کہ غُسلِ جُمُعَہ، جُمُعَہ کے قریب کرے اور اِسی سے نماز پڑھے۔

☆......کَھجُور درست تلفظ ہے کُھجور نہیں۔

☆......جس طرح مسواک کرنی چاہئے، ہم مسواک نہیں کرتے بلکہ رسمِ مسواک ادا کرتے ہیں۔

☆......مسواک سینے اور دل پر سجا کر رکھا کریں۔

☆......حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے پیارے صحابی ہیں۔

☆......الیاس کا معنیٰ ہے، میدان سے نہ بھاگنے والا۔

☆......تِیجے کا کھانا صرف غریبوں کو کھلایا جائے۔

☆......چالیسویں کا کھانا بھی غریبوں کو کھلایا جائے، غنی (مالدار) کھالے تو گنہگار نہیں، مگر اس سے بچنا بہتر ہے۔

☆......

☆......جو علمائے اسلام عین شریعت کے مطابق دِین کو پھیلاتے ہیں، وہ بھی ہمارے سر کے تاج ہیں، اگرچہ وہ

www.dawateislami.net

دعوتِ اسلامی کے ساتھ مل کر خدمتِ دین نہ کرتے ہوں، ہمیں معلوم نہیں کہ کون اللہ عزوجل کی بارگاہ میں قبول ہے؟ اللہ عزوجل کرے اہلِ سنّت کے تمام ادارے اور تنظیمیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہو جائیں۔

☆......مطالعہ زیادہ ہوگا تو علم بھی زیادہ ہوگا۔

☆......حکایات میں بڑی دِلچسپی ہوتی ہے۔

☆......اِستعمالی مِسواک لِٹا کر نہیں بلکہ کھڑی رکھنی ہے، استعمالی مِسواک کو لِٹا کر رکھنے سے جنون (پاگل پن) کا اندیشہ ہے، البتہ بلند جگہ پر لِٹا کر رکھنے میں حرج نہیں۔

☆......منہ میں اگر بدبُو ہو تو مِسواک کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

☆......22 گھنٹے آپ کے، 2 گھنٹے دعوتِ اسلامی کے۔

☆......جامعۃ المدینہ میں پڑھنا، پڑھانا اپنی جگہ، مگر روزانہ 2 گھنٹے مدنی کام کو ضرور دیں۔

☆......اگر سب ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کم از کم 2 گھنٹے روزانہ دیں تو شیطان کو سر چھپانے کی جگہ نہ ملے۔

| | |
|---|---|
| جان دی دی ہوئی اُسی کی تھی | |
| حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا | |

☆......جو ذِمہ داری نبھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اُنہیں مدنی کاموں کی ذمہ داری لینی چاہیئے، اگر سارے دعوتِ اسلامی والے مدنی کاموں کے لیے کمربستہ ہو جائیں تو ہمارا معاشرہ مدنی معاشرہ بن جائے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

☆......مدنی کاموں کی ترقی سے ملک امن کا گہوارہ بن جائے گا اور ہر طرف اسلام کی بہاریں ہوں گی، اسلام کا باغ لہلہانے لگے گا۔

☆......ذِمہ داران، نئے اسلامی بھائیوں کو شفقت دیں گے تو وہ ذِمہ داری پر آجائیں گے۔

☆......پیسوں سے مسجد بنے گی، نمازی نہیں بنیں گے، نمازی اِنفرادی کوشش سے بنیں گے (نگرانِ شوریٰ)۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ ربیع الاول ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 دسمبر 2016ء |

www.dawateislami.net

☆......خارش ہو یا جانور کاٹ لے مثلاً شہد کی مکھی کاٹ لے تو درد والی جگہ پر اپنا لعاب لگانا مفید ہے، البتہ مسجد میں یا لوگوں کے سامنے ایسا نہ کیا جائے کہ ان کو گھن آئے گی۔

☆...... ہر کام میں حکمت اور محتاط انداز ہونا چاہیے۔

☆...... میں پسند کرتا ہوں کہ بچے میرے قریب رہیں، کیونکہ اس میں بچے، اس کے والدین اور خاندان والوں کی دِلجوئی ہوتی ہے۔

☆......بچوں سے گھر کی رونق ہوتی ہے۔

☆ ......دل نہ بھی کرے تو بھی اچھی نیت کے ساتھ دوسروں کے بچوں کو پیار کرنا چاہئے، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس سے ثواب ملے گا۔

☆......اپنے بچوں کو بھی صلہ رُحمی کی نیت سے پیار کریں تو ثواب ملے گا۔

☆......دُعائے افطار میں منظوم مناجات کے ساتھ ساتھ 3 منٹ کے لیے نثر میں بھی دعا ہونی چاہیے۔

☆......کنیت رکھنا سنّت ہے، مگر ہمارے معاشرے میں اس کا رواج نہیں۔

☆......سردیوں میں ایسے گرم پانی سے نہانا چاہیے جو کہ نیم گرم ہو، گرم پانی سے نہایا جائے تو جلد سکڑ کر پھٹ جاتی ہے، جس سے تکلیف ہوتی ہے۔

☆......گاڑی میں اندر سے لگنے والے اسٹیکر لگانا مفید ہے تاکہ بے ادبی نہ ہو۔

☆......بچپن میں یہ نعت پڑھی جاتی تھی،

**اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ ھُوْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ**

بارہ ربیع الاول کو وہ آیا دُرِّ یتیم
لائی حلیمہ سعدیہ جا کر پیارا رؤف رحیم

☆......**گناہوں سے بچنے کا طریقہ:** پہلے جو گناہ کر چکے، ان کی سچی توبہ کریں (اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں) کہ آئندہ گناہ نہیں کروں گا، اس کا عہد کریں، بعض گناہوں کی تلافی بھی ضروری ہے مثلاً نماز قضا ہوئی تو قضا کرنی ہوگی، صرف توبہ

www.dawateislami.net

سے معاف نہیں ہوگی۔ حقوق العباد تلف ہوئے، ان کے حقوق ادا کرے، **اللہ** سے معافی بھی مانگے۔

☆......شخصیات کی جھوٹی تعریف اور خوشامد کرنا گناہ ہے۔

☆......واٹس ایپ (Whatsapp) یا وائس میسج (Voice Message) آیا کہنے کے بجائے ''**صوتی پیغام**'' کہا جائے۔ ٹیکسٹ میسج (Text Message) کہنے کے بجائے ''**تحریری پیغام**'' کہا جائے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**وسوسے اور ان کا علاج**'' زبردست رسالہ ہے، گھول کر پی لینا چاہیے۔ سب پڑھیں۔

☆......بچیوں کو اسکارف کی عادت بنائی جائے تا کہ جب پردہ فرض ہو تو انہیں اپنانے میں آسانی ہو۔

☆......اگر کسی کا نام عبدالماجد یا عبدالواجد ہو تو اسے ماجد یا واجد نہ پکارا جائے۔ ماجد اور واجد نام ہو تو پھر اس طرح بُلانے میں حرج نہیں اور اس طرح نام رکھنا بھی جائز ہے۔

☆......تمام اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع میں ''مغرب تا اِشراق چاشت'' شرکت کیا کریں۔

☆......اسلامی بہنیں بھی اپنے ہفتہ وار اجتماعات میں باقاعدگی سے شرکت کیا کریں۔

☆......غصہ پینے کی عادت بنائیں، اس سے مزاج میں نرمی آئے گی۔

☆......مزاج کے خلاف کوئی بات ہونے پر اپنے نفس کے لیے غصہ آجانا یہ اچھی بات نہیں۔ اس کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔

☆......مرحوم نگرانِ شوریٰ، حاجی مشتاق عطاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اوّلاً ہفتہ وار اجتماع میں ''**گلزارِ حبیب مسجد**'' میں آئے تھے۔

☆......مفتیِ دعوتِ اسلامی ''مفتی محمد فاروق عطاری'' رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی اوّلاً ہفتہ وار اجتماع میں ہی آئے تھے۔

☆......دعوتِ اسلامی کے آغاز میں صرف ایک مدنی کام ''**ہفتہ وار اجتماع**'' ہی ہوا کرتا تھا۔

☆...... ہفتہ وار اجتماع تنظیمی لحاظ سے بہت اہم مدنی کام ہے۔

☆......ذِمہ داران کی ایک تعداد ہے جو اجتماع میں تاخیر سے آتی ہے، بعض باہر بستوں پر ہی گھومتے رہتے ہیں اور ایک

www.dawateislami.net

تعداد ایسی ہے جو شرکت ہی نہیں کرتی اور کہتی ہے: ''ایک ہی طرح کا بیان ہوتا ہے، ایک ہی طرح کی دعا ہوتی ہے'' تو نماز بھی ایک ہی طرح کی ہوتی ہے، جمعے کا خطبہ بھی ایک ہی طرح کا ہوتا ہے۔

☆...... ہفتہ وار اجتماع مغرب تا اِشراق چاشت ہوتا ہے، رات اِعتکاف پھر آرام، تہجد و اِشراق چاشت، تو ثواب کا اَنبار لگ جائے گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

| ۸ ربیع الاول **۱٤۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7دسمبر 2016ء |
| --- | --- | --- |

☆......زلزلوں، ہوائی جہاز وغیرہ کے حادثات کے بارے میں تجسس اور سنسنی (حیرت) کے لیے معلومات حاصل کرنے کے بجائے ان سے عبرت حاصل کی جائے کہ یہ دنیا چندروزہ ہے۔

☆......نکسیر پھوٹ جائے تو شہادت کی انگلی سے پیشانی سے ناک کی جانب ''**بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم**'' لکھتے ہوئے ناک کی نوک تک لے جائیں، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آرام آجائے گا۔

☆...... بچے کے پیدا ہونے کے بعد نیم گرم نمک مِلے پانی سے نہلائیں، پھر سادہ پانی بہائیں، اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بچہ پھوڑے پھنسی سے بچا رہے گا۔

☆......بغیر صحیح مقصد کے بِلا ضرورت لائٹیں جلانا تَضییعِ مال (تَضْ۔یِیْع۔مال یعنی مال ضائع کرنے) کی صورت ہے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رِسالہ ''**بجلی استعمال کرنے کے مدنی پھول**'' انوکھا رسالہ ہے، اس کا ضرور مطالعہ کیجئے۔

☆......تجوید کے قواعد قرآنِ کریم کے لیے ہیں، درود و سلام اور دیگر کلام کے لیے نہیں۔ البتہ مخارج اور تلفظ درست ہونا ضروری ہے۔

☆......اردو میں عربی مخارج ضروری نہیں، مگر بعض حروف کی درست مخارج سے ادائیگی سمجھ میں آتی ہے جیسے لفظ ''محمد'' اور ''عبدالرحمٰن'' میں ''ح'' کے مخارج درست ہوں۔

☆...... جسے قرآنِ کریم پڑھنا آتا ہو، نماز کے اذکار یاد ہوں، ضرورت کے مسائل سے آگاہ ہی ہو، حقیقت میں وہی پڑھا لکھا ہے۔

www.dawateislami.net

☆......میں چائے پینے کے بعد منہ میں پانی پھیر الیتا ہوں، اس سے دانت کا پِیلا پن نہیں ہوتا۔

☆......پان گٹکے کھانے سے اجتناب کریں، اگر عادت ہو تو فوراً چھوڑ دیں۔

☆......میں اگر چہ پنجابی نہیں ہوں مگر پنجابیوں سے محبت کرتا ہوں، کیونکہ میرے مرشد، شیخ العرب والعجم حضرت مولانا قبلہ ضیاءالدین احمد مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پنجابی تھے۔

☆......جو عاشقِ رسول ہے، خواہ وہ پنجابی، پٹھان، سندھی، بلوچی یا کسی زبان کا ہو وہ ہمارے سر کا تاج ہے۔

☆......ہمارا ایمان، کلمے اور عشقِ رسول کا رشتہ ہے، جو مرنے کے بعد بھی نہیں ٹوٹتا۔

☆......جب بھی وضو کریں تو اعضاء دھوتے ہوئے ''یَاقَادِرُ'' بھی پڑھتے رہیں، اس کی برکت سے دُشمن اغواء نہیں کر سکے گا۔

☆......میں وضو سے پہلے درود شریف اور کلمہ شہادت بھی پڑھتا ہوں۔

☆......قدیم فیضانِ سنت پر کام جاری ہے، کوشش ہے، **اللہ** کرے پورا ہو جائے۔ مزید جن عنوانات پر کچھ نہ کچھ کام کیا ہے وہ یہ ہیں: ☆ **مدنی منّوں کی حکایات** ☆ **خواب کے ذریعے نیکی کی دعوت** ☆ **مکتوبات کے ذریعے نیکی کی دعوت** ☆ **جھوٹ کی تباہ کاریاں** ☆ **نماز کے مختلف ابواب** ☆ **فیضانِ نیت** وغیرہ۔

☆......میں آسان، درسی انداز، عوام کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے تحریری کام کرتا ہوں، عوام کی سہولت کے لیے اعراب لگانے اور مشکل الفاظ کے ہلالین میں معنیٰ لکھنے کی کوشش بھی کرتا ہوں تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو۔

☆......تحریر کی اہمیت بیانات سے زیادہ ہے۔

☆......بوسۂ تعظیمی میں آواز نہیں نکالنی چاہیے۔ اذان کے دوران انگوٹھے چومنے میں آواز پیدا نہ ہونے دیں۔

☆......عوام کے سامنے وہی کام کرنا چاہیے جو شرعاً جائز اور ان کی نفسیات کے مطابق ہو۔

☆......**اللہ** کرے، ہم شکر ادا کرنے والے بن جائیں۔

☆......مدنی چینل بھی ایک نعمت ہے، ہم اس کے ذریعے نیکی کی دعوت دے رہے ہیں۔

☆......تمام اعضاء کو گناہوں سے بچا کر نیکیوں میں استعمال کرنا سب سے بہترین شکر ہے۔

www.dawateislami.net

☆......دعوتِ اسلامی، اس کا مدنی ماحول اور فیضانِ مدینہ نعمت ہے۔

☆......جنت میں **اللّٰہ تعالٰی** کا دیدار سب سے بڑی نعمت ہے۔

☆......جشنِ عیدمیلادالنبی (صَلّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ والہٖ وَسَلّم) کا چراغاں رات کے وقت کیا جائے۔ دن میں نہ کیا جائے، جہاں تیرھویں رات چراغاں کا عرف نہ ہو، وہاں تیرھویں رات بھی نہ کیا جائے۔

☆......نیند کانٹوں پر بھی آجاتی ہے۔

☆......جہاں کا عرف ہے کہ رات جلد سناٹا ہوجاتا ہے، تو چراغاں بند کردیا کریں۔

☆......میں جلوسِ میلاد میں بچپن ہی سے شامل ہوتا تھا۔

☆......میرا نکاح بروز جُمُعَہ میمن مسجد بولٹن مارکیٹ میں ہوا، نکاح مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد وقار الدین قادری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نے پڑھایا۔

☆......تلفظ درست کریں: مبارِک نہیں مبارَک، مَدْرِسَہ نہیں مَدْرَسَہ۔

☆......مدنی کام کی ضرورت کہاں نہیں؟

☆......کم تعداد میں ہمارا دل نہیں لگتا، ہوسکتا ہے لاکھوں میں بیان کرنے سے دو چار دیہاتیوں میں بیان کرنے کا زیادہ ثواب ملے۔

☆......غریب دیہاتیوں پر رحم کریں، کاش! مبلغین دیہاتیوں کو کلمہ، نماز، وضو سکھائیں۔

☆......ہفتہ وار یوم تعطیل اعتکاف کو آگے بڑھائیں، شہر کے کمزور علاقوں میں بھی اس کی ترکیب کی جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ ربیع الاول ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8 دسمبر 2016ء |

☆......ہر نیک کام **اللّٰہ تعالٰی** کی رضا کے لئے ہونا چاہیے۔

☆......اے **اللّٰہ**! جو اکثر دن گھر درس دے یا سُنے، مرنے کے بعد اُسے پیارے محبوب صَلّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کا پڑوس عطا فرما۔

☆......دِینی تحریر کے شروع میں "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" لکھنا اچھا ہے، یہ لکھ نہ پائیں تو "**اللّٰہ**" لکھ لیں۔

www.dawateislami.net

☆......لفظ ”اللہ“ لکھنا تحریری ذِکرُ اللہ ہے۔

☆......علمِ دین کے ساتھ توفیقِ الٰہی، عشقِ رسول اور اللہ تعالیٰ کی معرفت ضروری ہے۔

☆......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے دامن کو تھام لیں ان کو کسوٹی بنا لیں، جو ان کا ذکر سن کر خوش ہو، وہ ہمارا ہے اور ان کے ذکر پر منہ بنائے، وہ ہمارا نہیں۔

☆......دکاندار حتی الامکان کوشش کریں مال ایک دام میں دیا کریں، البتہ ساداتِ کرام اور غرباء کو سستا دینا چاہیے۔

☆......اپنا بجٹ بنالیں کہ اتنی رقم غریبوں سے نہیں لوں گا بلکہ ان کو سستا دوں گا۔لوگوں کو نہ بتائیں اپنے طور پر ترکیب بنالیں۔

☆......مالداروں کو بھی دھوکا دے کر یا جھوٹ بول کر لُوٹنے کی اجازت نہیں۔

☆......”ایک دام“ لکھیں تو پھر اس سے کم نہ کریں۔اگر اس پر قائم نہ رہ سکیں تو نہ لکھیں۔

☆......مدنی مذاکرے کی ترکیب مختلف گھروں میں کریں، دن مخصوص کرلیں، کسی شخصیت کے گھر میں ہوگا تو اس سے تعلق والی شخصیات بھی شرکت کریں گی۔ کیونکہ جنس اپنی جنس کی طرف رغبت کرتی ہے۔ہر ڈویژن میں 12 شخصیات کا ہدف رکھیں۔

☆......شخصیات کسی غریب کے گھر میں کم آئیں گی۔

☆......شخصیات کے ہاں مدنی مذاکرے کی تراکیب کرنے سے مدنی عطیات بھی بڑھیں گے۔

☆......جب کسی شخصیت کے ہاں مدنی مذاکرے کی ترکیب کریں تو زیادہ سے زیادہ اسلامی بھائیوں کو لے کر جائیں۔

☆......جو پہلے آتے تھے، اب نہیں آتے، ان کو بھی ان مدنی مذاکروں میں شرکت کروائیں، یوں مجلس اِزدِیادِ حُب کو بھی کام ملتا رہے گا۔

☆......حرکت میں برکت ہے، جو پانی چلتا ہے وہ تازہ رہتا ہے، جو رُکا رہتا ہے وہ خراب ہو جاتا ہے۔

☆......خطبے میں نامِ اقدس پر زبان سے نہیں، دل میں دُرود شریف پڑھیں۔

☆......علمِ دین کا انمول خزانہ، مطالعے کے ذریعے ہاتھ آئے گا۔

www.dawateislami.net

☆......نعرے کا خاص موقع ہوتا ہے، ہر وقت نعرے نہیں لگائے جاتے، جس کو پتہ ہے کہ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں، پھر بھی نعرے لگائے تو توبہ کرے، کیونکہ ایسا کرنا گناہ ہے۔

☆......بے موقع نعرہ لگے تو جواب بھی نہیں دینا چاہئے۔

☆......جس نے حج نہیں کیا، اس کو حاجی نہیں کہنا چاہئے، اگر حُسنِ ظن کی بنا پر کہہ بھی دیا تو کوئی بُرا بھی نہیں۔

☆......حُسنِ ظن کے باعث اگر کسی کو حاجی یا حافظ کہہ دِیا تو حرج نہیں۔

☆......بُچّی (داڑھی کے وہ بال جو ہونٹ کے نیچے ہیں)، داڑھی میں شامل ہیں، جو بال منہ میں آئیں، ان کو کاٹ سکتے ہیں۔

☆......میرا پہلا کلام کیا تھا؟ یہ میں بھول گیا ہوں، البتہ ''مجھے بُلا لو شہہِ مدینہ، یہ ہجر کا غم ستا رہا ہے'' یہ کافی پُرانا کلام ہے

☆......ایک بار میں کسی ہوٹل میں اسلامی بھائیوں کے ساتھ گیا تو چائے پینے کے بعد کپ صاف کیا، تو کسی نے آواز کَسی، مولانا دُوسری چائے منگوا دُوں؟ میں سلام کرنے کے بعد ان کے پاس پہنچ گیا، انہیں نیکی کی دعوت اور ہفتہ وار اجتماع کی دعوت دی، وہ شرمندہ ہوئے اور کسی نے کہا کہ وہ ہفتہ وار اجتماع میں بھی آئے تھے۔

☆......آخرت کی بھلائی اسی میں ہے کہ کوئی بحث میں الجھائے تو حکمتِ عملی سے علمائے اہلسنّت کی طرف بھیج دیں۔

☆......علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت سے نئے نئے لوگ بہت ملتے ہیں، بعض ہاتھوں ہاتھ، بعض مغرب میں مسجد میں آجاتے ہیں۔

☆......کم از کم ہفتے میں ایک بار جدول کے مطابق علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی ضرور ترکیب کریں، عام دِنوں میں عصر کے بعد اور رمضان میں ظہر سے پہلے ترکیب کی جائے۔

☆......کاش! گلی گلی میں علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی دُھوم پڑ جائے۔

☆......کورنگی (باب المدینہ کراچی) میں برسوں سے روزانہ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ہوتا ہے۔

☆......جن جن سے ہو سکے وہ روزانہ یا ہفتے میں 2,3 بار علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی ترکیب کریں۔

☆......**علاقائی دورہ** برائے نیکی کی دعوت کی ترکیب اس طرح رکھی جائے کہ کسی دکان یا مکان کی باری ہفتے میں ایک بار آئے۔

☆......نگران کی اجازت سے دُوسرے علاقے میں جا کر بھی **نیکی کی دعوت** بھی دی جاسکتی ہے۔

www.dawateislami.net

☆......بشمول اراکینِ شوریٰ، **علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت اور 3 دن کے مدنی قافلے** میں سفر تمام ذِمہ داران ضرور کریں۔

☆......**مدنی قافلوں** کے بغیر دُنیا بھر میں کیسے داخل ہوں گے؟، حجۃ الوداع میں کم وبیش 1 لاکھ 24 ہزار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تھے، اب جنّت البقیع میں صرف 10 ہزار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں۔

☆......**مدنی قافلے** میں جدول کے مطابق سفر کیے بغیر چارہ نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ ربیع الاول **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 9 دسمبر 2016ء |

☆......کوئی مشکل آ پڑے تو روزانہ سو بار ''**یَاقَھَّارُ**'' پڑھا جائے۔

☆......اذانِ ثانی وخطبۂ جُمُعَہ سے پہلے ''خطبے کے 7 مدنی پھول'' پڑھ کر سنائے جائیں۔

☆......دہی فائدے والی چیز ہے، البتہ رات کے وقت دہی کھانے سے معدے پر دباؤ بڑھے گا، معدہ بھاری ہو جائے گا۔ ☆ جب دہی کھٹا ہو جائے یا پانی چھوڑ دے تو اسے ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیے ☆ دہی کو کانچ کے برتن میں رکھنا چاہیے، پلاسٹک کے برتن میں رکھنے سے رنگ اتر کر اس میں مل جاتا ہے۔

☆......خالص اسٹیل کا برتن پلاسٹک اور لوہے کے برتن سے مفید ہے۔

☆......جن کے بچے معذور ہوں وہ امتحان میں ہوتے ہیں اور مومن کو جو پریشانی آتی ہے، صبر کرنے کی صورت میں اُس کے لیے اجر ہے۔ ☆ معذور بچے کی خدمت کرنا بہت بڑی نیکی ہے۔ ☆ ہوسکتا ہے کہ معذور بچے کی خدمت اور صبر کرنے پر جنت کے حصول میں آسانی ہو۔

☆......نیکی برکت کا باعث ہے۔

☆......جب کوئی بیماری یا ٹینشن میں ہو تو اسے دلاسہ دیں۔ ایسی بات نہ کریں کہ اس کی ٹینشن میں اضافہ ہو جائے۔

☆......تمام دکاندار کم نفع پر مال بیچا کریں، یہ ان کے کاروبار کے لیے مفید ہے۔

☆......9 ربیع الاول سے 11 ربیع الاخر 1438ھ تک ''**ماہِ مسواک**'' منایا جائے گا۔ فیضانِ مسواک جاری رہے گا۔

☆......جو واقعی عملاً دعوتِ اسلامی والے ہوں، وہ سفید لباس پہنتے ہیں۔

www.dawateislami.net

☆......مسواک کی جیب کو ڈبل بنوالیا جائے۔ سینے والی جیب میں مسواک رکھنے سے جو نشان بن جاتا ہے وہ نظر نہیں آئے گا۔اس جیب میں دو یا تین سوراخ ہوں تو مدینہ مدینہ تاکہ مسواک چھوٹی بھی ہو جائے تو نظر آئے۔

☆......اسلامی بہنیں نرم ریشے والی مسواک استعمال کریں،ان کے لیے یہ سنتِ حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہا ہے۔

☆......مسجد کے استنجا خانے اور وضو خانے بہتر ہونے چاہئیں تاکہ نمازیوں کو سہولت ہو۔

☆......ہم اہلِ سنت ہیں،ہمیں آقا صَلّی اللّٰہ تَعالیٰ عَلَیہ وَسَلَّم کی سنت سے پیار ہے۔

☆......ہم کو اللّٰہ اور نبی سے پیار ہے،اِنْ شَاءَ اللّٰہ اپنا بیڑا پار ہے۔

☆......''**مسواک شریف کے فضائل**''،جس رسالے کا انتظار تھا،وہ آ گیا ہے،اسے خوب تقسیم کریں۔

☆......دعوتِ اسلامی کی تمام کتب و رسائل،اگرچہ ابھی شائع ہوں یا نہ ہوں،انہیں فوراً دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net پر دے دیا کریں،ہمارا مقصد رقم کمانا نہیں،نیکی کی دعوت عام کرنا ہے۔

☆......نیکی کی دعوت دینے کے لیے پیسے بھی کرچ کرنا پڑیں تو کرنے چاہئیں۔

☆......جلوسِ میلاد میں رسالہ''**مسواک شریف کے فضائل**''پڑھ کر سنائیں اور تقسیم بھی کریں۔

☆......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن عالم ومفتیِ اسلام ہونے کے ساتھ ساتھ صوفی بھی ہیں،ان کے کئی اشعار صوفیانہ اور بہت گہرے معنی رکھنے والے ہیں۔

☆...... جنت میں کوئی غم نہیں اور جہنم میں کوئی خوشی نہیں۔

☆......ہم نفرتیں مٹاتے اور محبت کے جام پلاتے ہیں،تم بھی آؤ محبت کے جام پیو اور ہمارے ساتھ مل کر جشنِ میلاد بھی مناؤ۔

☆......رسالہ''**مسواک شریف کے فضائل**''گھر گھر،دکان دکان بلکہ بچے بچے کے ہاتھ میں جانا چاہیے۔

☆......علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت سے اخلاقی تربیت بھی ہوتی ہے،نفس پر گراں ہے،مگر اخلاص ہونے کی صورت میں ثواب بھی زیادہ ملے گا،یہ بھی تربیت ہوگی کہ کسی سے الجھنا نہیں۔

www.dawateislami.net

☆......اُلجھنے کے بجائے نرمی سے سمجھانا، زیادہ فائدے مند ہے۔

☆......علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت والے مدنی کام کی بہت ضرورت ہے۔

☆......جو میرا ذمہ دار بِلا عذر علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت نہ کرے، تو اس کا ایسا کرنا غیر ذمہ دارانہ فعل ہے۔

☆......علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت مدنی قافلے میں سفر کروانے کی مشین ہے، یہ مدنی کام کی جان ہے۔

☆......دعوتِ اسلامی کا جو بڑے سے بڑا ذِمہ دار **علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت** میں ازابتدا تا اِنتہا شرکت نہیں کرتا، وہ میرے نزدیک سخت غیر ذِمہ داری کا مرتکب ہے۔ (جو مجبور ہے وہ معذور ہے)، ہفتے میں ایک دن مخصوص کرکے اپنے ذیلی حلقے (مسجد اور اس کے اطراف) میں گھر گھر، دکان دکان جا کر نیکی کی دعوت ضرور دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ربیع الاول **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 10 دسمبر 2016ء |

☆......عوام بلکہ خواص بھی مطالعہ کم کرتے ہیں۔

☆......کسی بات کو تصویر کے ذریعے سمجھانا بھی ایک لینگو یج ہے۔

☆......دعوتِ اسلامی کے تمام کام رضائے الٰہی کے لیے ہوتے ہیں۔

☆......کوئی اچھا کام ہو جائے تو اسے اپنا کمال سمجھنے کے بجائے **اللّٰہ تعالٰی** کی عطا سمجھنا چاہیے۔

☆......بلوچستان والوں کی مدینے سے محبت مدینہ مدینہ ہے۔

☆......میں طلبہ کو علمِ دین حاصل کرنے کا حریص ہونے کے ساتھ ساتھ مدنی کاموں کا حریص بھی دیکھنا چاہتا ہوں۔ طلبہ کے پاس وقت بھی ہوتا ہے اور دیگر دُنیوی تفکرات (یعنی ٹینشن) بھی نہیں ہوتے۔

☆......دعوتِ اسلامی کے مدنی پرچم میں موجود رنگ فیضانِ مصطفٰی اور فیضانِ اولیاء کو ظاہر کرتے ہیں۔

☆......ماں باپ اپنے بچوں کو مسواک کرنا سکھائیں۔

☆......ہیضہ سے بچنے کے لیے ہر کھانے پینے والی چیز پر سورۂ قدر پڑھ کر پھونک لیا کریں۔

☆......قبولیتِ عمل کے لیے بنیادی شرط اخلاص (یعنی اللّٰہ تعالٰی کی رضا کے لیے ہونا) ہے۔

www.dawateislami.net

☆......اخلاص کے ساتھ تھوڑا سا نیک عمل بغیر اخلاص کے کثیر عمل سے بہتر ہے۔

☆......گھر میں ایگزاسٹ فین (Exhaust Fan) لگوانے کا فائدہ اس صورت میں ہوگا کہ بالمقابل کھڑکی یا دروازہ کُھلا ہو۔

☆......اپنے وطن کی قدر کیجئے، وطن میں روٹی روزی کی ترکیب ہوتو بیرونِ ملک نہ جائیں۔ ماں باپ اور بال بچوں کو چھوڑ نا کر بیرونِ ملک جانا عقل مندی نہیں۔

☆......جو مالک جَلَّ جَلَالُہٗ بیرونِ ملک روزی دیتا ہے، وہ ملک میں بھی روزی دے سکتا ہے۔

☆......بیرونِ ملک جانا ہوتو قانونی تقاضے پورے کیجئے، مگر میرا مشورہ یہی ہے کہ نہ جائیں۔

☆......خدا کی قسم! وطنِ عزیز ''**پاکستان**'' بہت بڑی نعمت ہے۔

☆......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک ہوجایئے، دنیا وآخرت کا سکون ملے گا۔

☆......تمام ذمہ داران، امیرِ اہلسنّت کے مدنی مذاکرے کی **ایپلیکیشن** (Application) کو عام کریں۔ (نگرانِ شوریٰ)

☆......اجتماعات اور محافل کے لیے ایسے اقدامات نہ کریں، جس سے حقُ العبد (بندوں کے حقوق) تلف ہوجائیں بلکہ جانوروں کے حقوق بھی تلف نہیں ہونے چاہئیں۔

☆......حج فرض ہونے کے باوجود بھی حج نہ کرنا، بُرے خاتمے کے اسباب میں سے ہے۔

☆......ایک رکنِ شوریٰ، بیان ''**جہنم کی تباہ کاریاں**'' اور ایک ''**پیغامِ فنا**'' سن کر مدنی ماحول سے وابستہ ہوئے جبکہ نگرانِ شوریٰ بھی ''**جہنم کی تباہ کاریاں**'' سن کر قریب آئے۔

☆......المدینۃ العلمیہ کے ایک مدنی اور جامعۃ المدینہ کے مدرِّس ''**قبر کی پہلی رات**'' بیان سن کر مدنی ماحول سے وابستہ ہوئے۔

☆......کیسٹ اجتماع کے سلسلے کو مزید آگے بڑھانا چاہئے۔

☆......جلوسِ میلاد پر پھول کی پتیاں نچھاور کرنا دُرست ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ ربیع الاول **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11 دسمبر 2016ء |

www.dawateislami.net

☆......نبی پاک صَلّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کے پیر کو روزہ رکھنے کی ایک وجہ یہ تھی کہ یہ آپ صَلّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کی ولادت کا دن ہے، اس لیے ہم بھی 12 ربیع الاول کو روزہ رکھا کریں، مگر یہ روزہ فرض نہیں۔

☆......ربیع الاول کے لیے جو سجاوٹ کا سامان اور مدنی پرچم لگایا جاتا ہے، اس کو احتیاط سے محفوظ کرلیا کریں تاکہ یہ ضائع نہ ہو اور اگلی مرتبہ استعمال کیا جاسکے۔

☆......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَل دعوتِ اسلامی ایک سمندر ہے، اس میں بہت پانی ہے۔

☆......مخصوص اوقات کی مخصوص تاثیرات ہوتی ہیں، مثلاً "صبحِ بہاراں" کے وقت رِقّت اور سوز کا پیدا ہونا۔

☆......مال واسباب کی حفاظت کے لیے 10 مرتبہ "یَا جَلِیْلُ" پڑھ کر دم کرلیا جائے۔

☆......ہمیں اُسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے دوسروں کو معاف کرتے رہنا چاہیے۔

☆......قوتِ برداشت پیدا کرنے کی کوشش کریں، جب مزاج کے خلاف کوئی بات ہوجائے تو غصے کو کنٹرول کریں اور صبر کریں۔ دِل بڑا رکھیں۔

☆......جب بھی کوئی بینر بنوائیں تو اس میں تحریر کم ہونی چاہئے تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو۔

☆......شبِ ولادت کا وظیفہ یہ ہے کہ کثرت سے درود وسلام پڑھئے۔

☆......مدنی چینل دیکھنا کارِثواب ہے اور اس کو دیکھنے کی دعوت دینا "نیکی کی دعوت" دینا ہے۔

☆......نیاز میں وہ کھانا تیار کیا جائے، جس کا ہر جز کھالیا جائے مثلاً کھچڑا، کھیر اور فرنی وغیرہ۔

☆......کھانے میں گرم مصالحہ پیس کر ڈالا جائے، تاکہ اس کے تمام اجزا کھائے جاسکیں۔

☆......گرم مصالحہ وغیرہ گھر میں پیس لینا بہتر ہے، یوں معیاری چیز حاصل ہوسکے گی۔

☆......نیکی پر ثواب ملتا ہے، یونہی گناہ سے بچنے پر بھی ثواب ملتا ہے۔

☆......تعویذات ودم وغیرہ کی اُجرت لینا جائز ہے، البتہ سلسلۂ قادریہ میں ان کی اُجرت لینا ناپسندیدہ ہے۔ ہماری مجلس مکتوبات وتعویذاتِ (عطاریہ) کو اُجرت لینے کی اجازت نہیں۔

www.dawateislami.net

☆ ......فیضانِ تعویذ و دم جاری رہے گا۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

☆ ......ہماری جانب سے اسلامی بہنوں کو شرعی پردے کے ساتھ بھی جلوسِ میلاد میں جانے کی اجازت نہیں۔

☆ ......مجلس آئی ٹی (I.T) نے بارہویں شب کو دعوتِ اسلامی کی عربی ویب سائٹ کا آغاز کیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ ربیع الاول ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 12دسمبر 2016ء |

☆ ......جس کاغذ پر کچھ بھی نہ لکھا ہو، اس کا بھی احترام ہے۔ٹشو پیپر کا یہ حکم نہیں۔یہ لکھنے کے لیے نہیں بنایا جاتا۔

☆ ......تنہائی میں ''یَارَؤُفُ'' پڑھتے رہیں تو ڈر نہیں لگے گا۔

☆ ......مدنی حلیہ ہونا یہ بھی دعوتِ اسلامی کی ایک طرح سے خدمت ہے، جس علاقے میں مدنی حلیے والے زیادہ ہوں تو لوگ سمجھتے ہیں کہ یہاں دعوتِ اسلامی کا زیادہ مدنی کام ہے۔

☆ ......مفتی بننے کے لیے طلبۂ علمِ دِین کو چاہئے کہ دل لگا کر علم حاصل کریں، اپنے اساتذہ کو خوش رکھیں، نجی مطالعہ کر کے علم کا ذخیرہ جمع کرتے رہیں۔دعوتِ اسلامی کا مدنی کام بھی کرتے رہیں۔

☆ ......شوگر کا ایک علاج یہ ہے کہ بڑی الائچی میں سے کالے دانے نکال کر روزانہ صبح و شام 5 دانے کھالیں۔

☆ ......ثواب کے لیے جنازوں میں شرکت کرنی چاہئے، لوگ رشتہ داروں کی نمازِ جنازہ میں شرکت کرتے ہیں اور کرنی بھی چاہئے کہ یہ صلۂ رحمی ہے، البتہ اجنبی کی نمازِ جنازہ میں اخلاص زیادہ ہو سکتا ہے۔

☆ ......نمازِ جنازہ میں شرکت بھی کریں اور اس سے عبرت بھی حاصل کریں کہ ایک دن میری بھی نمازِ جنازہ ادا کی جائے گی۔

www.dawateislami.net